مدیر

ڈاکٹر محمد سلیم ہوید

جامعۂ پشاور

# چند ضروری گذارشات

**پشاور اسلامیکس**، جامعہ پشاور، خیبر پختونخوا، پاکستان وسیع تر مفہوم کے ساتھ علوم اسلامیہ کا ایک ششماہی، سہ لسانی (اُردو، انگریزی ،عربی) تحقیقی مجلہ ہے۔ جو علوم اسلامیہ کے تمام شعبوں میں علمی، طبع زاد تخلیقی اور تحقیقی کاوشوں کو خوش آمدید کہتا ہے۔ مقالہ نگار خواتین و حضرات کے لئے اس امر کا جاننا ضروری ہے، کہ پشاور اسلامیکس کو پیش کردہ مخطوطات کسی اور ادارے یا مجلے کو طباعت کے لئے ارسال نہ کئے گئے ہوں اور یہ کہ مقالات علمی سرقے سے خالی ہوں۔ مجلے کے چیدہ چیدہ اغراض ومقاصد اور اہداف مندرجہ ذیل ہیں:

۱۔ علوم اسلامیہ میں اب تک کی گئی علمی اور اجتہادی کاوشوں کو مربوط بنا کر آگے بڑھانا اور اس طرز کو مزید فروغ دینا۔

۲۔ معاشرتی و سماجی علوم بالخصوص قانون اسلامی سے متعلق مختلف موضوعات اور مسائل کے بارے میں مروجہ نقطہ نظر کا علمی مطالعہ کرنا اور متبادل نقطہ نظر پیش کرنا، تاکہ ایک صحت مند علمی بحث کو پروان چڑھایا جاسکے۔

۳۔ اسلام / مسلم سیاسی افکار، اسلامی تاریخ اور تاریخ ادب عربی کے حوالے سے خود احتسابی کے رجحان کی حوصلہ افزائی کرنا تاکہ مستقبل کے لئے صحیح منصوبہ بندی کی خاطر ماضی کا بہتر ادراک کیا جاسکے۔

۴۔ دانشوروں اور علماء کی تخلیقی صلاحیتوں اور فکری استعداد سے استفادہ کرنے کے لئے ایک فورم کی فراہمی۔

۵۔ تحقیقی کاوش کے لئے اساسی منابع کے استعمال کے رجحان کی حوصلہ افزائی کرنا۔

۶۔ مضمون (آرٹیکل) تحریر کرتے وقت اپنے نقطہ نظر کو مضبوط دلائل کے ساتھ پیش کرنے کے طریقے کو فروغ دینا اور حواشی میں مآخذ ومنابع اور مصادر کی مکمل تفصیل بین الاقوامی طور پر مسلمہ پیمانے کے مطابق فراہم کرنا۔

**مخطوط کی تیاری:**

اردو مخطوط A4 صفحے پر جمیل نوری نستعلیق فونٹ اور عربی مخطوط ٹریڈیشنل اریبک یونی کوڈ فونٹ میں ڈیڑھ انچ کے فاصلے کے ساتھ ایم۔ ایس ورڈ۔ 2007 فارمیٹ میں محفوظ کیا جائے۔ آرٹیکل سے پہلے ٹائٹل صفحہ مہیا کیا جائے جو تالیف اور مؤلف کے پورے نام، ادارہ جہاں پر وہ کام کررہا ہے، ڈاک پتے، ای۔ میل پتے اور دیگر معلومات جو مؤلف دینا چاہتا ہو، پر مشتمل ہو۔ اس کے بعد تقریباً آدھے صفحے (200 الفاظ) پر مشتمل مضمون کی تلخیص "Abstract" انگریزی زبان میں فراہم کیا جائے۔ حواشی اور مصادر ومراجع بالترتیب مضمون کے آخر میں دیے جائیں۔ مضمون کی طوالت پانچ تا آٹھ ہزار الفاظ سے (بشمول حواشی وحوالہ جات) زیادہ نہ ہو۔

**حواشی وحوالہ جات**

حواشی تسلسل کے ساتھ نمبر وار درج کئے جائیں۔ عمومی طور پر اس سلسلے میں شکاگو مینول سٹائل کو بروئے کار لایا جائے۔ مبہم اور غیر واضح تلخیصات کے استعمال سے گریز کیا جائے۔

**مستعار اور اجنبی الفاظ:**

اگر آپ انگریزی زبان میں مضمون تحریر کرنا چاہیں، تو اس میں وارد عربی، فارسی، ترکی، پشتو اور اردو زبانوں کے الفاظ پشاور اسلامیکس کے ٹرانسلیٹریشن نظام (جو سوائے پشتو کے مجلہ اسلامک سٹڈیز، بین الاقوامی اسلامی یونیورسٹی، اسلام آباد کے نظام پر مبنی ہے) کے مطابق لکھے ہوئے ہوں جو اس شمارے کے آغاز میں لف کیا جارہا ہے۔ یہی ہدایت ان مضمون نگاروں کے لئے بھی ہے جو اپنے اردو یا عربی مضامین میں سے چند الفاظ یا اصطلاحات انگریزی میں تحریر کرنا چاہیں۔

**حقوق طباعت:**

پشاور اسلامیکس کو تحقیقی مواد ارسال کرنے کا مطلب یہ ہے کہ مؤلف طباعت کے جملہ حقوق بشمول برقی طباعت مجلے کے حوالہ کر رہا ہے۔ کوئی تیسرا فریق اگر پشاور اسلامیکس سے کسی مقالے کی کلّی یا جزوی طباعت چاہتا ہے تو افادہ عام کے لئے پشاور اسلامیکس کو اس کی اجازت دینے کا حق حاصل ہو گا۔

**ایڈیٹنگ:**

پشاور اسلامیکس کو موصول مخطوطات تنقیح کے بعد دو نامعلوم ہم رتبہ تبصرہ نگاران / ماہرین کو محاکے کے لئے ارسال کئے جائیں گے۔ عمومی طور پر مقالہ نگاران کو اپنے مقالے کے بارے میں نتیجہ جاننے کے لئے ۶۰ دن درکار ہوں گے۔ مدیر مقالہ نگاروں کو تجزیہ نگاروں کی رائے سے آگاہ کرے گا، نیز اگر کسی مقالے میں تبدیلی کی ضرورت ہوئی تو اس کے لئے بھی مقالہ نگار سے درخواست کی جائے گی۔ پشاور اسلامیکس کے مدیر / مجلس ادارت کو یہ حق حاصل ہے کہ وہ فراہم شدہ علمی مواد کو کاپی۔ ایڈیٹ کر کے مناسب تبدیلیوں اور اصلاحات کے بعد مجلے میں اشاعت کے لئے تیار کرلے۔ خیالات اور تقدیم شدہ مواد کی ذمہ داری البتہ مکمل طور پر مؤلف پر ہو گی۔ مجلے کا مدیر یا مجلس ادارت اس سے بری الذمہ ہوں گے۔

**اعزازی ترسیل:**

مقالہ شائع ہونے کے بعد مؤلف ایک سال تک پشاور اسلامیکس کے اعزازی ترسیل کا مستحق ہو گا۔

**کتب ومجلات برائے تبصرہ:**

علوم اسلامیہ وعربیہ سے متعلق کتابوں اور علمی مجلات کا پشاور اسلامیکس میں تبصرے کے لئے خیر مقدم کیا جائے گا۔

**مخطوط کی حوالگی:**

اردو، انگریزی یا عربی میں لکھے گئے مقالہ کے چار نقول (تین مطبوعہ اور ایک سافٹ کاپی) بذریعہ ای میل یا وائرس سے پاک ڈسک میں بھیجنا ضروری ہے۔ مقالہ مدیر کے پتے پر ارسال کیا جائے جو یہ ہے:

**پروفیسر ڈاکٹر محمد سلیم ہوید**

مدیر: پشاور اسلامیکس، شعبہ اسلامیات، شیخ محمد تیمور اکیڈیمک بلاک، پشاور یونیورسٹی، پاکستان

پوسٹ کوڈ: 25120، فون نمبر: 092-91-9221036، فیکس نمبر: 092-91-9221037

ای میل: Peshawar_islamicus@uop.edu.pk

# شرکاء کا تعارف

## شرکاء کا تعارف

### ڈاکٹر محمد یونس میو

اسسٹنٹ پروفیسر، گورنمنٹ شاہ حسین ڈگری کالج، لاہور، پاکستان

### ڈاکٹر حافظ محمد شارق

شعبہ عالمی مذاہب، وفاقی اُردو یونیورسٹی برائے فنون سائنس وٹیکنالوجی، پاکستان

### مریم نورین

پی ایچ۔ڈی ریسرچ سکالر، شہید بے نظیر بھٹو وومن یونیورسٹی، پشاور، پاکستان

### ڈاکٹر زینب امین

اسسٹنٹ پروفیسر، شہید بے نظیر بھٹو وومن یونیورسٹی، پشاور، پاکستان

### انعام الرحمٰن

ایم۔فل ریسرچ سکالر، شعبہ اسلامیات، جامعہ پشاور، پاکستان

### ڈاکٹر مفتی محمد التماس خان

لیکچرار، ڈیپارٹمنٹ آف اسلامک سٹڈیز، پشاور یونیورسٹی، پاکستان

### ڈاکٹر نوید اقبال

لیکچرار، ڈیپارٹمنٹ آف اسلامک سٹڈیز، کوہاٹ یونیورسٹی، پاکستان

### ڈاکٹر حافظ غلام انور الازہری

اسسٹنٹ پروفیسر/ چیئرمین شعبہ اسلامیات، محی الدین اسلامک یونیورسٹی، آزاد جموں کشمیر، پاکستان

### ظہور عالم

پی ایچ۔ڈی ریسرچ سکالر، شعبہ اسلامیات، محی الدین اسلامک یونیورسٹی، آزاد جموں کشمیر، پاکستان

### ڈاکٹر میر اکبر شاہ

اسسٹنٹ پروفیسر، علوم اسلامیہ، بین الاقوامی اسلامی یونیورسٹی، اسلام آباد، پاکستان

### ڈاکٹر سید نعیم بادشاہ

پروفیسر، علوم اسلامیہ، زرعی یونیورسٹی، پشاور، پاکستان

### ڈاکٹر عنایت کلیم

شعبہ بین الاقوامی تعقات پروگرام برائے انسانیات، کامسیٹ یونیورسٹی، اسلام آاد، پاکستان۔

**ڈاکٹر منہاس مجید**

چیئرپرسن، شعبہ بین الاقوامی تعلقات، جامعہ پشاور، پاکستان۔

**ڈاکٹر عدنان احمد**

ایسوسی ایٹ پروفیسر، انسٹی ٹیوٹ آف بزنس سٹڈیز اینڈ لیڈر شپ، عبدالولی خان یونیورسٹی، مردان، پاکستان ۔

**ڈاکٹر یاسر عرفات**

پی ایچ۔ڈی ریسرچ سکالر، بین الاقوامی اسلامی یونیورسٹی، اسلام آباد، پاکستان ۔

**ڈاکٹر محمد ظاہر شاہ**

اسسٹنٹ پروفیسر، شعبہ عربی، جامعہ پشاور، پاکستان

**ڈاکٹر محمد شعیب**

پی ایچ۔ڈی محقق، شعبہ عربی، جامعہ پشاور، پاکستان

# فہرست


| م | مضمون | مؤلف | صفحہ |
|---|---|---|---|
| | اداریہ | مدیر | |
| .1 | علاج میں خطاء کے شرعی احکام | ڈاکٹر محمد یونس میو | 01 |
| .2 | زمان و مکان اور وجود باری تعالیٰ: مذہب اور طبیعیات کی روشنی میں | ڈاکٹر حافظ محمد شارق / مریم نورین | 19 |
| .3 | اثبات جرم میں ماہرین کی رائے کی حیثیت : اسلامی قانون کی روشنی میں تحقیقی جائزہ | ڈاکٹر زینب امین / انعام الرحمٰن | 29 |
| .4 | جوزف شاخت کا نظریہ مشترک راوی اور مؤطا امام مالک ایک تحقیقی مطالعہ | ڈاکٹر مفتی محمد التماس خان / ڈاکٹر نوید اقبال | 45 |
| .5 | پاکستان میں اسلامی تعلیم نظام کا علمی جائزہ | ڈاکٹر حافظ غلام انور الازہری / ظہور عالم | 56 |
| .6 | طرق تخريج المأثور ومصادره الأصلية | د. میر اکبر شاه/ د. سيد نعيم بادشاه | 69 |
| .7 | الكناية ومدلولاتها البلاغية في القرآن الكريم من سورة الأنفال إلى سورة يوسف | د. محمد شعيب/ د. محمد ظاهر شاه | 79 |
| .8 | Religious Tourism: A key sector for Pakistan's Socio-Economic Growth | Dr.Inayat Kaleem/ Dr. Minhas Majeed Khan | 01 |
| .9 | Evidence of Resilience in Islamic Banking System in Pakistan: The role of Islamic Corporate Governance System | Dr.Adnan Ahmad/ Dr.Yasir Arafat | 11 |

بسم اللہ الرحمن الرحیم

# اداریہ

الحمد للہ پشاور اسلامیکس کا بائیسواں شمارہ پیش خدمت ہے شمارہ نو مقالات پر مشتمل ہے جس میں اردو کے پانچ، عربی میں دو اور انگریزی میں دو مضامین تحریر کئے گئے ہیں۔

قلیل مدت میں ترقی کے زینے طے کرنا "پشاور اسلامیکس" کی مقبولیت کی نشانی ہے۔ ہماری مقدور بھر کوشش رہی ہے کہ اس تحقیقی مجلہ میں شاملِ اشاعت تمام مقالات ہائیر ایجوکیشن کمیشن کے مقرر کردہ قواعد وضوابط کے عین مطابق ہوں اور علم و تحقیق کی دنیا میں ان کی قدر وقیمت اور وقعت مسلمہ ہو۔ "پشاور اسلامیکس" یقیناً ایک اجتماعی سعی کا نام ہے اور یہی اس کی کامیابی اور نیک نامی کا راز ہے۔ مجلہ کو اس مقام پر لانے کے لئے ہم نہ صرف ان محققین کا شکریہ ادا کرتے ہیں جنہوں نے اپنے معیاری مقالات سے اس کو زینت بخشی بلکہ مستقبل میں یہ امید بھی رکھتے ہیں کہ اس کوشش کو برقرار رکھتے ہوئے اس کی مزید بہتری اور ترقی کے لئے اپنا تعاون جاری رکھیں گے۔

**پروفیسر ڈاکٹر محمد سلیم ہوید**

[مدیر]